بوں سے اپنے دو معاون مقرر کر کے اس کی اطلاع دفتر کو دیں گے اور مسئول ان کی معاونت اور مشاورت سے امتحانی نظام کو مستحکم کریں گے۔

(۱۳)......بیرونی ہدایات پر توہین رسالت ﷺ کے قانون کو ختم کرنے کی حکومتی پالیسی کی شدید مذمت کرتے ہوئے تحریک تحفظ ختم نبوت وناموس رسالت ﷺ کے ساتھ بھرپور تعاون کا فیصلہ کیا گیا۔

(۱۴)......حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مدظلہ نے تجویز دی کہ مجلس عاملہ کا اجلاس مختلف علاقوں اور جامعات میں وقتاً فوقتاً منعقد کیا جانا چاہیے۔ جس سے مجلس عاملہ نے اتفاق کیا۔

رات سواسات بجے حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب کی دعا سے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

☆......☆......☆

زبدۂ زمین وزماں

قاسم العلوم والخیرات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ

دیا ہے تجھے حق نے سب سے مرتبہ عالی — کیا ہے سارے چھوٹوں کا تجھے سردار
فلک پر سب سہی، پر ہے نہ ثانی احمدؐ — زمیں پر کچھ نہ ہو پر ہے محمدیؐ سرکار
فلک پر عیسیٰ و ادریس ہیں تو خیر سہی — زمیں پر جلوہ نما ہیں محمدؐ مختار
تو فخرِ کون و مکان زبدۂ زمین و زمان — امیرِ لشکرِ پیغمبراں شہِ ابرار
امیدیں لاکھوں ہیں لیکن بڑی امید ہے یہ — کہ ہو سگانِ مدینہ میں میرا نام شمار
جیوں تو ساتھ سگانِ حرم کی تیری پھروں — مروں تو کھائیں مدینہ کے مجھ کو مرغ و مار
بس اب درود پڑھ اُس پر اور اس کی آل پہ تو — جو خوش ہو تجھ سے وہ اور اس کی عترتِ اطہار
الٰہی اس پر اور اس کی تمام آل پہ بھیج — وہ رحمتیں کہ عدد کر سکے نہ ان کو شمار

مدد کر اے کرمِ احمدیؐ کہ تیرے سوا
نہیں ہے کوئی قاسمِ بیکس کا حامی کار

☆......☆......☆